**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

# نامکمل ایوان کے باوجود قومی اسمبلی کے طلب کردہ جعلی اجلاس پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

اپریل 2022 میں امپورٹڈ سرکار کی صورت ملک پر مسلط کیے جانے والے چہرے آج جعلی مینڈیٹ سرکار کی صورت ایک بار پھر بے شرمی سے قومی اسمبلی کی نشستوں پر براجمان ہیں،

دستورِ پاکستان کے مطابق ملک کے مقدس ترین ایوان کے فلور پر مینڈیٹ چور، لٹیروں اور ڈاکوؤں کو جمع کرکے آئین اور جمہوریت کا تمسخر اڑایا گیا، عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر کسی دوسرے کے مینڈیٹ پر بے شرمی سے حلف اٹھانے والے کردار وہی ہیں جو گزشتہ پی ڈی ایم دور میں ملک کو دیوالیہ پن کے دہانے تک لے کر گئے،

17 سیٹوں والی جماعت کے نمائندے کو وزیرِاعظم بنانے کا ناقابلِ قبول منصوبہ ملک اور معیشت کو شدید عدم استحکام سے دوچار کرے گا، جعلی مینڈیٹ پر جعلی سرکار بنانے والا نااہلوں کا ٹولہ ملک کو درپیش سنگین چیلنجز سے مقابلہ کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا، ترحقیقی عوامی مینڈیٹ کے حامل بانی چیئرمین عمران خان اور تحریک انصاف کے سپاہی مینڈیٹ چوروں کو آئین و قانون کی پامالی اور عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، قومی اسمبلی میں تحریک انصاف کے منتخب عوامی نمائندے پاکستانی عوام کے مینڈیٹ چوری کے خلاف ہر سطح پر بھرپور مزاحمت کریں گے اور یہ مقدمہ اس کے منطقی انجام تک لڑیں گے،

عمران خان کو سیاست سے مائنس کرنے کے خواب دیکھنے والوں کو اب اسمبلی کے فلور سے لے کر ملک کے ہر کونے میں صرف عمران خان اور ان کے حقیقی آزادی کے نظریے کی گونج سنائی دے گی،

عوام کے ہاتھوں تاریخی شکست کھانے والے مینڈیٹ چوروں کا جعلی اسمبلی سے لے کر عوام کی عدالت تک ہر قدم پر ذلت و رسوائی مقدر ہوگی،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ